بدھ 6 مارچ 2002ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

روزنامہ
# الفضل

ٹیلی فون نمبر 213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان C.P.L 61

بدھ 6 مارچ 2002ء 21 ذوالحج 1422 ہجری - 6 امان 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 52

## تقویٰ کا زاد سفر

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضورؐ کے پاس آیا اور کہا' میں کل سفر پر جا رہا ہوں۔ حضورؐ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور یہ دعا دی اللہ کی امان اور حفاظت میں رہو۔ اللہ تجھے تقویٰ کا زادِ راہ عطا کرے اور تیرے گناہ بخشے اور جہاں بھی تم جاؤ تیرے لئے خیر میسر فرما دے۔

(سنن دارمی کتاب الاستئذان باب مایقول اذا ودع رجلا حدیث نمبر 2555)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہماری جماعت کو یہ نصیحت ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ وہ اس امر کو مدنظر رکھیں جو میں بیان کرتا ہوں۔ مجھے ہمیشہ اگر کوئی خیال آتا ہے' تو یہی آتا ہے کہ دنیا میں تو رشتے ناطے ہوتے ہیں۔ بعض ان میں سے خوبصورتی کے لحاظ سے ہوتے ہیں۔ بعض خاندان یا دولت کے لحاظ سے اور بعض طاقت کے لحاظ سے۔ لیکن جناب الٰہی کو ان امور کی پروا نہیں۔ اس نے تو صاف طور پر فرما دیا کہ (۔) اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی معزز و مکرم ہے جو متقی ہے۔ اب جو جماعت اتقیاء ہے خدا اس کو ہی رکھے گا اور دوسری کو ہلاک کرے گا۔ یہ نازک مقام ہے اور اس جگہ پر دو کھڑے نہیں ہو سکتے کہ متقی بھی وہیں رہے اور شریر اور ناپاک بھی وہیں۔ ضرور ہے کہ متقی کھڑا ہو اور خبیث ہلاک کیا جاوے اور چونکہ اس کا علم خدا کو ہے کہ کون اس کے نزدیک متقی ہے۔ پس یہ بڑے خوف کا مقام ہے۔ خوش قسمت ہے وہ انسان جو متقی ہے اور بدبخت ہے وہ جو لعنت کے نیچے آیا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 177)

متقی بننے کے واسطے یہ ضروری ہے کہ بعد اس کے کہ موٹی باتوں جیسے زنا' چوری' تلف حقوق' ریا' عُجب' حقارت' بخل کے ترک میں پکا ہو تو اخلاق رذیلہ سے پرہیز کر کے ان کے بالمقابل اخلاق فاضلہ میں ترقی کرے۔ لوگوں سے مروّت' خوش خلقی' ہمدردی سے پیش آوے۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ سچی وفا اور صدق دکھلاوے۔ خدمات کے مقام محمود تلاش کرے۔ ان باتوں سے انسان متقی کہلاتا ہے اور جو لوگ ان باتوں کے جامع ہوتے ہیں۔ وہی اصل متقی ہوتے ہیں (یعنی اگر ایک ایک خلق فرداً فرداً کسی میں ہوں تو اسے متقی نہ کہیں گے جب تک بحیثیت مجموعی اخلاق فاضلہ اس میں نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ ایسوں کا متولی ہو جاتا ہے۔ (۔)

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ ہو جاتا ہے۔ جس سے وہ پکڑتے ہیں۔ ان کی آنکھ ہو جاتا ہے جس سے وہ دیکھتے ہیں۔ ان کے کان ہو جاتا ہے جس سے وہ سنتے ہیں۔ ان کے پاؤں ہو جاتا ہے جن سے وہ چلتے ہیں۔ اور ایک اور حدیث میں ہے کہ جو میرے ولی کی دشمنی کرتا ہے۔ میں اس سے کہتا ہوں کہ میرے مقابلہ کے لئے تیار رہو۔ ایک جگہ فرمایا ہے کہ جب کوئی خدا کے ولی پر حملہ کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اس پر ایسے جھپٹ کر آتا ہے۔ جیسے ایک شیرنی سے کوئی اس کا بچہ چھینے تو وہ غضب سے جھپٹتی ہے۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 680-681)

## اعلان وصیت کی رقم کی نئی شرح

احباب کی خدمت میں اطلاعاً تحریر ہے کہ صدر انجمن احمدیہ نے اعلان وصیت کی رقم میں اضافہ کر دیا ہے۔ وصیت کنندہ سے اب -/52 روپے وصول کئے جائیں گے۔ لہذا یکم مارچ 2002ء سے وصیت کرتے وقت اعلان وصیت کی رقم -/52 روپے جمع کروائی جائے۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## اعلان برائے فارغ التحصیل حافظات

ایسی تمام حافظات جو عائشہ دینیات اکیڈمی مدرسۃ الحفظ ربوہ سے حفظ مکمل کرنے کے بعد فارغ ہو چکی ہیں ان کا ایک ضروری اجلاس مورخہ 10 مارچ بروز اتوار بوقت 10 بجے اسی ادارے میں طلب کیا جا رہا ہے۔ تمام حافظات مقررہ وقت پر اس اجلاس میں شمولیت کریں یہ بہت ضروری ہے۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

## نیورو فزیشن کی آمد

مکرم ڈاکٹر رفیق احمد بشارت صاحب نیورو فزیشن مورخہ 17 مارچ 2002ء بروز اتوار فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ فرمائیں گے۔ ضرورت مند احباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنا نمبر حاصل کر لیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم سید محمد احمد صاحب امریکہ و مکرمہ فرحت صاحبہ کو شادی کے سات سال بعد مورخہ 24 فروری 2002ء کو پہلے بچے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نومولود کا نام ''حارث ادریس احمد'' عطا فرمایا ہے۔ نومولود محترم سید میر محمود احمد ناصر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ و مکرمہ صاحبزادی امۃ المتین صاحبہ کا پوتا اور مکرم میر محمود احمد صاحب آف قاہرہ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے بچے کے نیک' صالح اور خادم دین ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

# عرفانِ حدیث نمبر 108

مرتبہ: عبدالسمیع خان

## حمد اور درود

حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نماز پڑھی جب کہ رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر اور عمر وہاں موجود تھے- جب میں بیٹھا تو میں نے اللہ کی حمد وثنا شروع کی پھر رسول اللہؐ پر درود پڑھا پھر اپنے لئے دعا کی تو حضورؐ نے فرمایا مانگ تجھے دیا جائے گا مانگ تجھے دیا جائے گا-

(جامع ترمذی کتاب الجمعہ باب فی الثنا علی اللّٰہ حدیث نمبر 541)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں-

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ ' حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی موجودگی میں نماز پڑھی اور جب میں نماز پڑھ کر بیٹھا تو میں نے اللہ تعالیٰ کی ثنا کی پھر نبی کریم ﷺ پر درود بھیجا- صرف یہ ہے فلما جلست میں بیٹھا- تو مراد غالباً یہی ہے کہ التحیات کی حالت میں جب وہ بیٹھے ہیں تو ایسے انداز سے دعا کر رہے تھے کہ ارد گرد کچھ لوگ سن بھی سکتے تھے- اس لئے مجھے خیال آیا تھا کہ نماز میں دعا کر رہے تھے یا نماز کے بعد' جو بھی صورت تھی بہرحال بیٹھی ہوئی حالت میں یہ دعا کر رہے تھے-

کہتے ہیں مَیں نے اس طرح کی بدات بالثناء علی اللہ میں نے اللہ کی ثنا سے اپنی دعا شروع کی ثم الصلوٰۃ علی النبی پھر حضرت رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ بھیج کر یعنی درود بھیج کر ثم دعوت لنفسی پھر میں نے اپنی ذات کے لئے خدا تعالیٰ سے کچھ دعائیں کیں فقال النبی ﷺ سل تعطہ' سل تعطہ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا مانگ تجھے دیا جائے گا' مانگ تجھے دیا جائے گا- اب اس حدیث سے یہ قطعیت کے ساتھ ثابت ہے اگر یہ نماز کی حالت تھی تو نماز میں بھی اپنے لئے مانگنا جائز ہے اور اپنے الفاظ میں مانگنا جائز ہے- مگر یہ تب ہونا چاہئے کہ پہلے ثنا ہو اور رسول اللہ ﷺ پر درود ہو اور التحیات کا آغاز ہی اس سے ہوتا ہے-

التحیات للہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ- یہ صاف پتہ چل رہا ہے کہ التحیات کی حالت میں یہ دعا اگر اس طرح کی جائے تو بالکل جائز اور درست ہے- اور بعید نہیں کہ التحیات کی صورت میں ہی انہوں نے دعا کا ذکر کیا ہو اس کے بعد پھر اپنے لئے دعا مانگی جائز ہے- یہ مسئلہ بھی حل ہو گیا کہ نماز میں اپنے الفاظ میں اپنے لئے دعا مانگنی جائز ہے- نمبر دو نماز کے بعد اگر بیٹھ کر انسان دعا کرے اور اس دعا میں بھی ثناء پہلے ہو' درود ہو پھر اپنے لئے کچھ مانگا جائے- تو آنحضرت ﷺ کا یہ فرمانا بہت بڑی خوشخبری ہے- مانگ جو مانگتا ہے' 'مانگ جو مانگتا ہے' 'اب اللہ تعالیٰ تیری دعاؤں کو ضرور قبول فرمالے گا- پس ہر دعا کرنے والے کے لئے اس میں بہت بڑی حکمت ہے' 'بہت بڑی خدا تعالیٰ کی طرف سے خوشخبری ہے کہ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری دعائیں قبول ہوں تو دعائیں قبول کروانے کا یہ طریق ہے-

اگرچہ بعض احادیث سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اگر صرف سلام اور درود ہی بھیجا تو اس میں ہی اپنی دعائیں بھی شامل ہو جاتی ہیں- حضرت مسیح موعود (-) بھی اسی سے یہ استنباط فرمایا کرتے تھے جو بھی صورت ہو ثناء ہو اور درود اور پھر اپنے لئے دعا یہ تین باتیں اسی ترتیب سے یاد رکھیں۔ (--)

تو مختلف مانگنے کے ڈھنگ ہیں کبھی کبھی انسان ایسے حال میں ہوتا ہے کہ وہ اپنی ضرورت کا خصوصیت سے بار بار ذکر کرتا ہے اور جب تک اس کا ذکر بار بار نہ کرے اس کے دل کو تسکین نہیں ہوتی- یہ حالت بھی جائز ہے مگر ثنا اور درود کو یاد رکھیں اس کے بعد پھر جیسا چاہیں کریں- اور بعض دفعہ انسان اتنا گہرا ڈوب جاتا ہے آل کے مضمون میں کہ اس میں پھر اپنے لئے سب کچھ مانگ لیتا ہے اور ذکر کرکے نہیں مانگنا پڑتا۔

(روزنامہ الفضل یکم جون 99ء)

## آ مرے چاند میری رات بنے

تو مرے دل کی شش جہات بنے
اک نئی میری کائنات بنے

سب جو تیرا ہے لاکھ ہو میرا
تو جو میرا بنے تو بات بنے

ہیچ ہے تجھ سے منقطع ہر ذات
جس کا تو ہو اسی کی ذات بنے

عالم رنگ و بو کے گل بوٹے!
خواب ٹھہرے، توہّمات بنے

سادہ باتوں کا بھی ملا نہ جواب
سب سوالات مظلمات بنے

یہ شب و روز و ماہ وسال تمام
کیسے پیمانہ صفات بنے!

ہوئی میزان ہفتہ کب آغاز؟
کیسے دن رات سات سات بنے؟

عالم حیرتی کے مندر میں
کبھی بت مظہر صفات بنے

کبھی مخلوق ہو گئی ہمہ اوست
آتش و آب- عین ذات بنے

کتنے منصور چڑھ گئے سرِ دار
کتنے نعرے تعلّیات بنے

کتنے عزّیٰ بنے؟ بٹے کے بار؟
کتنے لات اجڑے کتنے لات بنے

کتنے محمود آئے- کتنی بار
سومنات اجڑے، سومنات بنے

جو کھنڈر تھے محل بنائے گئے
کتنے محلوں کے کھنڈرات بنے

عالم بے ثبات میں شب و روز
آج کی جیت کل کی مات بنے

تیرے منہ کے سبک سہانے بول
دل کے بھاری معاملات بنے

دن بہت بے قرار گزرا ہے
آ مرے چاند، میری رات بنے

**کلام طاہر**

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

(مرتبہ: فخر الحق شمس صاحب)

# کلید مجلس عرفان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے سوال و جواب کی یہ فہرست حضور انور کی مجالس عرفان، لجنہ سے ملاقات اور اطفال سے ملاقات اور جرمن خواتین سے ملاقات سے مرتب کی گئی ہے۔ جو 2001ء کے دوران روزنامہ الفضل میں شائع ہوتی رہی ہیں۔

## اللہ تعالیٰ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | خدا تعالیٰ کی صفت الودود | 20 | اکتوبر |
| ☆ | دنیا سے پہلے اللہ تعالیٰ کیا کرتا تھا | 9 | اپریل |
| ☆ | شرک سے بچنے کا سب سے اچھا ذریعہ کیا ہے | 9 | اپریل |

## قرآن مجید

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | پہلا قرآن مجید کہاں موجود ہے | 20 | جنوری |
| ☆ | الفرقان سے کیا مراد ہے | 9 | اگست |
| ☆ | قرآن مجید کی سورتوں کی ترتیب تو خدا تعالیٰ نے مقرر کی ہے لیکن پاروں کی جگہ کیسے مقرر ہوئی | 7 | جولائی |
| ☆ | کیا قرآن کریم میں سمندر کے نیچے راستوں کا بھی ذکر ہے | 20 | جنوری |
| ☆ | سورۃ آل عمران آیت 42 کے مطابق تین دن کی خاموشی اختیار کرنے کی اجازت ہے؟ | 7 | جولائی |
| ☆ | سورۃ نساء آیت 72 کہ گھر سے نکلتے وقت اپنی حفاظت کے سامان ہمیشہ اپنے ساتھ رکھو سے کیا مراد ہے؟ | 7 | جولائی |
| ☆ | سورۃ مائدہ آیت 42 کے مطابق ایمان لانے والوں کو یہودی اور عیسائی کے ساتھ دوستی نہیں کرنی چاہئے۔ وضاحت فرمائیں | 9 | اپریل |
| ☆ | سورۃ الفیل میں پرندوں کے حملہ کا پس منظر کیا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ | نزل الفرقان علیٰ عبدہ کی جگہ رسولہ کیوں نہیں آیا | 9 | اگست |
| ☆ | سورۃ جن آیت 109 کے مطابق شہاب ثاقب اور آسمانی باتیں سننے والے ستارے سے کیا مراد ہے | 9 | اگست |
| ☆ | کیا سورۃ زلزال کا دو بار پڑھ لینا قرآن مجید کے ایک دور مکمل کرنے کے برابر ہے | 20 | جنوری |
| ☆ | جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھنے کی کیا وجہ ہے | 30 | نومبر |

## نبی۔ انبیاء۔ مذاہب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | حضرت آدم کا کون سا مذہب تھا | 30 | نومبر |
| ☆ | ہمیں کیسے پتہ چلتا ہے کہ دعویٰ کرنے والا سچا نبی ہے | 30 | نومبر |
| ☆ | کیا حضرت ابراہیمؑ ساری دنیا کے لئے تشریف لائے | 9 | اگست |
| ☆ | حضرت ابراہیمؑ کے لئے استعمال ہونے والے القاب قلب سلیم اور قلب منیب میں کیا فرق ہے | 9 | اگست |
| ☆ | درود شریف میں صرف حضرت ابراہیمؑ کے ذکر کی کیا حکمت ہے | 9 | اپریل |
| ☆ | حضرت موسیٰؑ کے عصا سے جو بارہ چشمے پھوٹے ان میں سے کسی کا نشان باقی ہے۔ | 29 | جنوری |
| ☆ | حضرت عیسیٰؑ کو بغیر باپ کے پیدا کرنے میں اللہ کی کیا حکمت تھی | 20 | جنوری |
| ☆ | کیا دس احکام حضرت موسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملے | 7 | جولائی |
| ☆ | ہمارا بائبل کے متعلق معین طور پر کیا ایمان ہے | 9 | اپریل |
| ☆ | موزمبیق میں آنے والی تباہی سے پہلے کیا وہاں نبی بھیجا گیا | 20 | اکتوبر |
| ☆ | گورونانک اگر مسلمان تھے تو سکھوں نے انہیں اپنا گرو کیسے بنا لیا | 30 | نومبر |

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | رسول اللہ دعویٰ نبوت سے پہلے کس طرح عبادت کرتے تھے | 9 | اگست |
| ☆ | مزمل اور مدثر میں کیا فرق ہے | 9 | اگست |

## سنت و حدیث

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | سنت کسے کہتے ہیں | 29 | جنوری |
| ☆ | کیا کسی حدیث میں حضرت مصلح موعود کے متعلق ذکر ہے | 7 | جولائی |
| ☆ | حدیث میں ہے کہ جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے۔ اس میں امین سے کیا مراد ہے | 9 | اپریل |
| ☆ | اب تو سفر بہت آسان ہو گیا ہے کیا اب بھی عذاب کا ٹکڑا ہے | 9 | اگست |

## وضو۔ نماز۔ عبادت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں کیوں بنائیں | 29 | جنوری |
| ☆ | نماز شروع کرتے وقت اللہ اکبر کیوں کہتے ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ | کیا اندھیرے میں نماز جائز ہے | 9 | اگست |
| ☆ | نماز ختم کرتے وقت السلام علیکم کیوں کہتے ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ | نماز قصر کیا ہے اور کیسے پڑھتے ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ | نماز کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو کیا کرنا چاہئے | 9 | اپریل |
| ☆ | کیا نماز کے علاوہ بھی ٹوپی پہننی چاہئے؟ | 29 | جنوری |
| ☆ | کیا ٹوپی پہنے بغیر نماز یا قرآن پڑھ سکتے ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ | سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم اور درود شریف نوافل میں کس وقت پڑھ سکتے ہیں | 20 | جنوری |
| ☆ | ہماری زندگی کا مقصد کیا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ | جب موذن حی علی الصلوۃ کہتا ہے تو دائیں بائیں کیوں مڑتا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ | کیا آنحضورؐ ہر نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے تھے | 9 | اگست |
| ☆ | اگر بہت زیادہ نیند آتی ہو تو کیا اس وقت نماز پڑھنا جائز ہے | 20 | اکتوبر |
| ☆ | سات سال کے بعد اگر بچے نماز نہ پڑھے تو کس قسم کی سختی مناسب ہے | 30 | نومبر |
| ☆ | بیت الذکر میں لڑکیاں اور لڑکے علیحدہ علیحدہ کیوں بیٹھتے ہیں | 29 | جنوری |
| ☆ | 27 رجب اور 15 شعبان کی راتوں میں رسول کریمؐ معمول سے زیادہ عبادت کرتے تھے یا معمول کے مطابق | 20 | جنوری |
| ☆ | عید کی نماز سے پہلے اذان اور تکبیر کیوں نہیں دی جاتی | 29 | جنوری |
| ☆ | کیا عید کی نماز بعد میں پڑھی جا سکتی ہے؟ | 29 | جنوری |
| ☆ | عیدیں علیحدہ علیحدہ دنوں میں کیوں مناتے ہیں؟ | 9 | اپریل |

## روزہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | ہم روزہ کیوں رکھتے ہیں | 29 | جنوری |
| ☆ | بچے روزہ کیوں نہیں رکھتے | 9 | اپریل |

## حج

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | حج پر جانے والے لوگ آب زم زم کیوں پیتے ہیں | 9 | اگست |
| ☆ | کتنے سال کے بچوں پر حج فرض ہو جاتا ہے | 22 | ستمبر |
| ☆ | جن افراد کے بال نہیں ہوتے وہ حج پر جاتے وقت کیا کریں | 9 | اپریل |

## حضرت مسیح موعود

| | | |
|---|---|---|
| ☆ حضرت مسیح موعود کے زمانے میں ہونے والے چاند گرہن کی پیشگوئی تھی | 9 | اپریل |
| ☆ حضرت مسیح موعود کا الہام "بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے" پورا ہو چکا ہے یا نہیں | 9 | اپریل |
| ☆ حضرت مسیح موعود اپنے فارغ وقت میں کیا کرتے تھے | 9 | اپریل |

## جماعت احمدیہ

| | | |
|---|---|---|
| ☆ جماعت احمدیہ کے بارے میں کون سی تاریخی کتاب ہے | 9 | اپریل |
| ☆ مینارۃ المسیح کیوں بنایا گیا | 20 | اکتوبر |
| ☆ رفقاء مسیح موعود کے ہاتھ کا بنا ہوا لوائے احمدیت اس وقت کہاں ہے | 30 | نومبر |
| ☆ ربوہ شہر کے ابتدائی ایام میں حضرت نواب محمد دین صاحب کی خدمات کا تذکرہ | 22 | ستمبر |
| ☆ غیر احمدی دوست کی بیت میں چندہ دینے کا ثواب ملے گا | 29 | جنوری |
| ☆ چندہ عام یا چندہ وصیت گروس انکم پر ادا کرنا چاہیے یا نیٹ انکم پر | 9 | اگست |

## دعوت الی اللہ

| | | |
|---|---|---|
| ☆ داعی الی اللہ کے لئے بیعتیں کروانے کا وعدہ کتنا ہونا چاہئے | 30 | نومبر |
| ☆ احمدیت میں دلچسپی رکھنے والے شخص کو سب سے پہلے کون سی دلیل دینی چاہئے | 20 | اکتوبر |
| ☆ کیا وزیر اعظم برطانیہ کو جماعت احمدیہ کا شائع کردہ قرآن کریم با ترجمہ پیش کیا جا سکتا ہے | 22 | ستمبر |

## دین۔ احکام

| | | |
|---|---|---|
| ☆ کیا دین میں پھانسی کی سزا جائز ہے؟ | 29 | جنوری |
| ☆ اسلام کے معنی کیا ہیں؟ | 29 | جنوری |
| ☆ کیا انسان کو گناہوں کی سزا دنیا میں ملتی ہے؟ | 9 | اگست |
| ☆ اللہ تعالیٰ نے شریعت کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا۔ چیزوں کے سامنے اس امانت کو پیش کرنے سے کیا مراد ہے؟ | 9 | اگست |
| ☆ مرد کو سونا پہننا کیوں منع ہے؟ | 9 | اگست |

## قبر۔ جزا سزا

| | | |
|---|---|---|
| ☆ کیا قبر کے پاس بیٹھ کر دعا کر سکتے ہیں | 9 | اگست |
| ☆ کیا وفات یافتہ افراد کو علم ہوتا ہے کہ ہم ان کی قبر پر آتے ہیں | 7 | جولائی |
| ☆ اگر کسی انسان کے اچھے اور برے اعمال برابر ہوں تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں بھیجے گا یا دوزخ میں؟ | 20 | جنوری |
| ☆ مرنے کے بعد روح کتنی دیر جسم کے ساتھ رہتی ہے۔ عالم برزخ میں نیک اور برے لوگوں کی روحیں اکٹھی ہونگی یا علیحدہ علیحدہ | 20 | جنوری |

## حضور انور ایدہ اللہ کے متعلق ذاتی سوالات

| | | |
|---|---|---|
| ☆ جب آپ کو اللہ تعالیٰ نے خلیفہ وقت مقرر فرمایا تو آپ کی اس وقت کیا کیفیت تھی | 29 | جنوری |
| ☆ آپ کو کون سی دعا سب سے زیادہ پسند ہے | 9 | اپریل |
| ☆ خلافت والی انگوٹھی کے ساتھ کسی اور انگوٹھی کو لگاتے وقت آپ کون سی دعا کرتے ہیں | 20 | اکتوبر |
| ☆ جب آپ چھوٹے تھے تو بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے تھے | 29 | جنوری |
| ☆ آپ نے سب سے پہلی تقریر کب کی اور اس کا موضوع کیا تھا | 7 | جولائی |
| ☆ قادیان میں بچپن کا کوئی واقعہ سنائیں | 9 | اپریل |
| ☆ آپ نے کس عمر میں شکار کھیلنا شروع کیا | 29 | جنوری |
| ☆ بچپن میں آپ کو کون سے کتاب پسند تھی | 9 | اگست |
| ☆ جب آپ نے پہلی مرتبہ قرآن کریم کا دور مکمل کیا تو آمین کس نے کروائی | 20 | جنوری |
| ☆ آپ کی کھانے میں پسندیدہ چیز کون سی ہے | 20 | جنوری |
| ☆ آپ کا نام کس نے رکھا اور اس کا کیا مطلب ہے | 30 | نومبر |
| ☆ آپ کا پسندیدہ جانور کون سا ہے | 22 | ستمبر |

## طب وصحت۔ خوراک

| | | |
|---|---|---|
| ☆ شہد کون سی بیماری کے لئے اچھا ہے | 9 | اپریل |
| ☆ بازار سے ملنے والے بیف برگر حلال ہوتے ہیں؟ | 9 | اپریل |
| ☆ ذہن کو تیز بنانے کیلئے کون سی خوراک بہتر ہے | 29 | جنوری |
| ☆ گردن توڑ بخار سے بچاؤ کے ٹیکے لگوانے کے متعلق کیا ارشاد ہے؟ | 9 | اگست |
| ☆ کیا حفاظتی ٹیکوں کے سائڈ افیکٹس ہو سکتے ہیں اور کیا بچوں کو لگوانے چاہئیں | 9 | اگست |
| ☆ ہمیں کتنا گوشت کھانا چاہئے | 20 | اکتوبر |
| ☆ اگر ہم صرف 10 فیصد حصہ استعمال کرتے ہیں تو دماغ کے 90 فیصد حصہ سے ہم کیسے فائدہ اٹھا سکتے ہیں | 7 | جولائی |

## شیطان۔ جن

| | | |
|---|---|---|
| ☆ شیطان کا نام کس نے رکھا اور اس کے کیا معنی ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ جب ابلیس نے نافرمانی کی تو کیا خدا تعالیٰ ایسا چاہتا تھا | 7 | جولائی |
| ☆ جنوں کے بارے میں ایک سوال | 20 | اکتوبر |

## بچے

| | | |
|---|---|---|
| ☆ بچوں کو حضرت مسیح موعود کی کون سی کتاب پڑھنی چاہئے | 9 | اپریل |
| ☆ ایم ٹی اے پر بچوں کو اردو نظمیں سکھانے کی کلاس کیوں نہیں ہوتی | 9 | اگست |
| ☆ مجھے پڑھنا اچھا نہیں لگتا اور میں واقف نو بچہ ہوں بتائیے میں کیا کروں | 29 | جنوری |
| ☆ اللہ تعالیٰ کیوں چھوٹے بچوں کو اتنی بری بیماریوں سے مرنے دیتا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ احمدی لڑکیوں یا عورتوں کو موٹر سائیکل چلانے کی اجازت ہے یا نہیں | 30 | نومبر |
| ☆ کیا بچوں کے لئے چائے نقصان دہ ہے | 9 | اپریل |
| ☆ کیا ہماری امی ہمیں خوش کرنے کیلئے سالگرہ پر تحفہ دے سکتی ہیں | 29 | جنوری |
| ☆ کیا ہم کارڈز کھیل سکتے ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ کتنے سال کے بچوں پر حج فرض ہو جاتا ہے | 22 | ستمبر |

## سائنس

| | | |
|---|---|---|
| ☆ زمین پر پہلا آدمی کون تھا | 29 | جنوری |
| ☆ خلا میں سیٹلائیٹ کو کس طرح رکھا ہوا ہے | 9 | اپریل |
| ☆ اس صدی میں سب سے بڑی ایجاد کیا ہے | 30 | جنوری |
| ☆ آتش فشاں کیوں پھٹتے ہیں اور ان کا انسانی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے | 9 | اپریل |
| ☆ جدید تحقیق کی روشنی میں کیا پرانے زمانے کی آوازیں سنی جا سکیں گی | 9 | اگست |
| ☆ سمندر کی تہہ سے نکلنے والا تیل کس چیز سے بنا ہوتا ہے | 22 | ستمبر |

## ممالک عالم

| | | |
|---|---|---|
| ☆ افریقہ میں سیلاب آتا تھا اور کھانا نہیں مل رہا تھا ایسا کیوں ہوتا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ ایران میں ہونے والے حالات و واقعات سے متعلق حضور کا کیا خیال ہے | 7 | جولائی |
| ☆ بنی اسرائیل کو کیا حق تھا کہ فلسطین پر حملہ کریں اور ان کے شہروں میں داخل ہوں | 22 | ستمبر |

## جانور

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | اللہ تعالیٰ نے جانور کیوں بنائے ہیں | 9 | اپریل |
| ☆ | اللہ تعالیٰ نے خونخوار جانور کیوں بنائے ہیں | 29 | جنوری |
| ☆ | جانوروں کو کوئی گناہ یا ثواب ملتا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ | دنیا میں سب پہلا جانور کیسے پیدا ہوا | 9 | اگست |
| ☆ | کیا یہ ممکن ہے کہ جانور اور انسان ایک دوسرے سے باتیں اور رابطہ کریں | 20 | اکتوبر |

## متفرق سوالات

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | عربی کے بعض حروف کے ہجے ایک جیسے ہوتے ہیں۔ مثلاً ذ۔ز۔ظ اس کی کیا وجہ ہے | 7 | جولائی |
| ☆ | سوتے وقت باتیں کرنے کا عمل کیسے ہوتا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ | اخلاق کا سب سے بہتر طرز کیا ہے | 29 | جنوری |
| ☆ | شادی سے پہلے کی غلطی سے توبہ کرنے کے بعد شادی کے وقت وہ باتیں بتانا ضروری ہیں | 20 | جنوری |
| ☆ | دنیا کا سب سے مشکل کام کون سا ہے | 7 | جولائی |
| ☆ | خواب دیکھنے پر بعض اوقات گھبراہٹ ہو جاتی ہے اسے کیسے دور کیا جاسکتا ہے | 20 | جنوری |
| ☆ | ابو پاکستان میں اور امی کینیا میں پیدا ہوئیں تو میری نیشنلیلیٹی کیا ہوگی | 29 | جنوری |

## مجلس عرفان حضرت مصلح موعود (الفضل 3 نومبر 2001ء)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | غیر احمدی والدین کے لئے دعا | | |
| ☆ | نظر لگ جانے سے کیا مراد ہے؟ | | |
| ☆ | قرض اور سود کے بارے میں سوال | | |
| ☆ | سفر کی حد کتنی ہونی چاہئے | | |
| ☆ | صحابی کی تعریف | | |

# مذہبی دنیا میں تاریخی اہمیت کے جانور

### تاریخ مذاہب میں غیر معمولی واقعات کے حامل اونٹ، گھوڑے، مکڑی، دیمک وغیرہ کا تذکرہ

پروفیسر میاں محمد افضل صاحب

انسان کی تاریخ میں جانوروں کو ایک اہم حیثیت حاصل ہے۔ بعض جانوروں کو خاص طور پر مذاہب کی دنیا میں خاص شہرت حاصل ہوئی۔

آیئے ان کے چند نمونے دیکھتے ہیں۔

## مذہبی تاریخ میں اونٹ کا مقام

خانہ کعبہ میں ایک محفل بپا ہے۔ وہ جنہیں مکہ والے صادق اور امین کہتے، اللہ سے خبر پا کے اس کا پیغام پہنچانے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ مگر ایک کھچڑی پک رہی ہے۔ سازشیں تیار ہو رہی ہیں۔ تمسخر و ٹھٹھا کیا جا رہا ہے۔ ایسی ہی ایک محفل میں ایک امانت رکھوانے والا دادرسی کو پہنچتا ہے کیونکہ امانت دار سخت گستاخ۔ بے ایمان، امانت لوٹانے کا نام نہیں لیتا۔ قرض خواہ اپنا مسئلہ اس محفل میں پیش کرتا ہے۔ ایک کی رگ شرارت پھڑکتی ہے۔ جاؤ۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کہو کہ وہ امانت دار سے امانت واپس کرنے کو کہیں۔ انہوں نے حلف الفضول کے تحت ایسی مدد کرنا اپنا فرض سمجھا ہے۔ اور وہ سادہ لوح دونوں کے درمیان خلیج سے بے خبر حضورؐ کو ان کے سخت ترین اور بدترین دشمن ابوجہل کے پاس جانے کو کہتا ہے۔ حضورؐ ایک لمحہ کا توقف نہیں کرتے۔ حق دار کو حق ملنا چاہئے اور اسے دلانا ہوگا خواہ دوسرا جابر ہی کیوں نہ ہو۔ شدید دشمن ہی کیوں نہ ہو۔ حضورؐ کو نہ ڈر نہ خوف۔ ابوجہل کے دروازے تک جا پہنچتے ہیں۔ ایک جلالی انداز میں اسے امانت لوٹانے کو کہتے ہیں۔ اور اس جابر و شداد کی ایسی سٹی گم ہوتی ہے کہ چپکے سے اندر سے رقم لا کر قرض خواہ کے ہاتھ میں تھما دیتا ہے۔ بعد میں وہ جنہوں نے چنگاری پھینکی۔ حیران و ششدر اس جابر کو طعن و تشنیع کا نشانہ بناتے ہیں۔ وہ عاجزانہ عرض کرتا ہے، میں کیا کر سکتا تھا جب کہ میں نے دیکھا کہ دو بپھرے ہوئے اونٹ مجھ پر حملہ کرنے کو غیض وغضب سے جھپٹنے کو تیار ہیں۔ اونٹ بھیجے تو اللہ نے۔ مگر اونٹوں کو بھی مذہبی تاریخ میں ایک مقام مل گیا جو ایک اللہ کے پیارے کی حفاظت ہی نہیں۔ عزت افزائی کا باعث بھی ہے۔

اور شاید آپ کو یاد ہوگا وہ اونٹ بھی۔ دبلا پتلا، کمزور سا، ناقابل برداشت بوجھ سے جھکا ہوا۔ جب حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے تو اس نے شکایت کی اور آپ نے اس کے مالک کو سرزنش کی کیوں کرتے ہو اس بیچارے پر ظلم؟ کیوں لادتے ہو اتنا بوجھ؟ ایک معمولی سا اونٹ، مگر کتنا خوش قسمت کہ اس کی سفارش کر رہا ہے ایک عظیم الشان انسان، انسانوں کا بھی محسن اور جانوروں کا بھی تاریخ نے اس اونٹ کا ذکر بھی سنبھال لیا۔

اب ذکر ہو جائے ایک اور اونٹ یا اونٹنی کا۔ یہ وہ خوش قسمت اونٹنی تھی جس پہ دنیا کی معزز ترین ہستی نے سوار ہو کے اسے عزت بخشی۔ اور اس نے بھی ایسے وقت میں ساتھ دیا جب کہ وہ جن کے درمیان حضورؐ پلے بڑھے جو آپ کی شرافت، دیانت، امانت سے متاثر بھی ہوئے۔ لیکن پھر کچھ ایسے بپھرے کہ آپ کے درپئے آزار ہو گئے۔ آپ کی جان کے دشمن بنے اور آنحضرتؐ کو رات کے اندھیرے میں اس مکہ کو خیرباد کہنا پڑا جس کے متعلق فرمایا۔ ''اے مکہ کی بستی! تو مجھے سب جگہوں سے زیادہ عزیز ہے مگر تیرے لوگ مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے'' غار ثور نے اس معزز مہمان کے لئے اپنی آغوش وا کر دی اور تین راتوں کی مہمانی کی سعادت پائی اور پھر جب حضورؐ باہر تشریف لائے تو حضرت ابوبکرؓ کے انتظام کے تحت ایک اونٹنی کو اپنا منتظر پایا۔ اور اس خوش قسمت اونٹنی پہ انسانوں کے ستائے۔ مگر اللہ کے پیارے، سوار ہوتے ہیں۔ کتنی شان سے چل رہی ہے یہ اونٹنی! اور کیوں نہ ہو۔ آج اسے یہ فخر حاصل ہوا کہ اس کا سوار وہ انسان ہے جو فخر موجودات، باعث تخلیق عالم ہے۔ کتنی خوش قسمت ہے القصواء۔ ایک عام سی اونٹنی، مگر کر گئی ایسا اچھا کام جو آج تک کسی جانور کے حصہ میں نہ آیا۔ اور لے گئی ایسا انعام جو کسی کو نہ مل سکا، ایسا اعزاز کہ آج بھی اس کا نام دمک رہا تاریخ کے اوراق پہ۔ کیا فخر، کیا اعزاز! کتنی شان ہے اس خوبصورت سے جانور کی۔ جس کے متعلق کہا تو یہ گیا کہ اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی، مگر ہے کوئی اور جانور جو اتنا چمکتا ہوا نظر آئے مذاہب کی تاریخ میں؟ القصواء تو میزبان بنی ایک ایسے مہمان کی کہ تجھ پہ ہر عالم رشک کرے۔

## ناقۃ اللہ

اب بات ہو جائے ایک اور نبی اور ان کی اونٹنی کی۔ یہ ہیں حضرت صالح علیہ السلام، جن کی اونٹنی نے ان کا بہت ساتھ دیا۔ وہ نیک مقصد جس کو وہ لے کر نکلے وہ پیغام حق جو وہ لوگوں تک پہنچانا چاہتے، وہ اللہ کی محبت کی جوت، جو دلوں میں جگانا چاہتے، اس عمل میں کسی حد تک شریک رہی یہ اونٹنی بھی۔ یہ انہیں قریہ بہ قریہ لے جانے کے لئے ہر وقت تیار۔ گویا پیغام حق کی اشاعت میں حصہ دار دعوت الی اللہ کے عمل میں شریک، اور اس طرح سعادت پائی اس جانور نے مگر اسی وجہ سے دشمن کی آنکھ میں بھی کھٹکی، حضرت صالح کی اس مددگار کو اور دعوت الی اللہ کے اس آلہ کار کو بے کار کرنے کو انہوں نے بھی اپنے آلے سنبھال لئے۔ جوش میں آ کر اس بیچاری کی کونچیں کاٹ دیں۔ تکلیف پہنچائی اس باوفا جانور کو، یہ صلہ دیا دشمن نے اپنے مالک سے وفاداری کا۔ مگر اللہ نے اسے کیا صلہ دیا؟ اس اونٹنی کا ذکر بھی اس کتاب میں آ گیا جو رہتی دنیا تک قائم رہے گی۔

## سراقہ کا گھوڑا

اونٹوں کے ذکر کے بعد اب چلتے ہیں ایک گھوڑے سے ملاقات کو۔ یہ گھوڑا ہے تو ایک دین کے دشمن کا، مگر پھر بھی اپنا ذکر تاریخ کے صفحات پہ ثبت کر گیا۔ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ والوں کی ستم رانیوں کا شکار، اللہ کی ہدایت پہ اپنا شہر چھوڑ کر سوئے یثرب روانہ ہوتے ہیں، فقط ایک باوفا رفیق کے ساتھ۔ دشمن آپؐ کو پکڑنے کا لالچ سو اونٹ کی شکل میں دیتا ہے۔ ایک شخص اس لالچ میں آ کے آپ کی تلاش میں نکل کھڑا ہوتا ہے۔ یہ ہے سراقہ بن مالک اس کا گھوڑا بہت تیزی سے جا رہا ہے بظاہر تو یہ بھی حضورؐ کو نقصان پہنچانے کا مشتاق نظر آتا ہے۔ لیکن نہیں لوگ اسے تقدیر الٰہی کہتے ہوں میں اس گھوڑے کی شرافت کہتا ہوں۔ گھوڑا ٹھوکر کھا کے گرتا ہے (اس میں ایک یہ اشارہ کہ میں نہیں دوں گا دشمن دین کا ساتھ) سراقہ تیر سے فال

